روزنامہ
ٹیلی فون نمبر: 213029
C.P.L 29
# الفضل
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web:http://www.alfazal.com
Email:editor@alfazal.com

جمعرات 11 اگست 2005ء 5 رجب 1426 ہجری 11 ظہور 1384 ہش جلد 55-90 نمبر 177

## ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

صلاح تقویٰ، نیک بختی اور اخلاقی حالت کو درست کرنا چاہئے ۔ مجھے اپنی جماعت کا یہ بڑا غم ہے کہ ابھی تک یہ لوگ آپس میں ذراسی بات سے چڑ جاتے ہیں عام مجلس میں کسی کو احمق کہہ دینا بھی بڑی غلطی ہے اگر اپنے کسی بھائی کی غلطی دیکھو تو اس کے لئے دعا کرو کہ خدا اسے بچا لیوے ۔ یہ نہیں کہ منادی کرو ۔ جب کسی کا بیٹا بدچلن ہو تو اس کو سردست کوئی ضائع نہیں کرتا بلکہ اندر ایک گوشہ میں سمجھاتا ہے کہ یہ برا کام ہے اس سے باز آ جا ۔ پس جیسے رفق ۔ حلم اور ملائمت سے اپنی اولاد سے معاملہ کرتے ہو ویسے ہی آپس میں بھائیوں سے کرو ۔ جس کے اخلاق اچھے نہیں ہیں مجھے اس کے ایمان کا خطرہ ہے کیونکہ اس میں تکبر کی ایک جڑ ہے اگر خدا راضی نہ ہو تو گویا یہ برباد ہو گیا ۔ پس جب اس کی اپنی اخلاقی حالت کا یہ حال ہے تو اسے دوسرے کو کہنے کا کیا حق ہے ۔

(ملفوظات جلد سوم صفحہ 590)

میں دیکھتا ہوں کہ جماعت میں باہم نزاعیں بھی ہو جاتی ہیں اور معمولی نزاع سے پھر ایک دوسرے کی عزت پر حملہ کرنے لگتا ہے اور اپنے بھائی سے لڑتا ہے ۔ یہ بہت ہی نامناسب حرکت ہے ۔ یہ نہیں ہونا چاہئے بلکہ ایک اگر اپنی غلطی کا اعتراف کر لے تو کیا حرج ہے ۔

بعض آدمی ذرا ذرا سی بات پر دوسرے کی ذلت کا اقرار کئے بغیر پیچھا نہیں چھوڑتے ۔ ان باتوں سے پرہیز کرنا لازم ہے ۔ خدا تعالیٰ کا نام ستار ہے ۔ پھر یہ کیوں اپنے بھائی پر رحم نہیں کرتا اور عفو اور پردہ پوشی سے کام نہیں لیتا ۔ چاہئے کہ اپنے بھائی کی پردہ پوشی کرے اور اس کی عزت و آبرو پر حملہ نہ کرے ۔

ایک چھوٹی سی کتاب میں لکھا دیکھا ہے کہ ایک بادشاہ قرآن لکھا کرتا تھا ۔ ایک ملا نے کہا کہ یہ آیت غلط لکھی ہے بادشاہ نے اس وقت اس آیت پر دائرہ کھینچ دیا کہ اس کو کاٹ دیا جائے گا ۔ جب وہ چلا گیا تو اس دائرہ کو کاٹ دیا ۔ جب بادشاہ سے پوچھا کہ ایسا کیوں کیا تو اس نے کہا کہ دراصل وہ غلطی پر تھا مگر میں نے اس وقت دائرہ کھینچ دیا کہ اس کی دلجوئی ہو جاوے ۔

(ملفوظات جلد سوم صفحہ 571)

## اعتذار

ادارہ الفضل قارئین کرام سے معذرت خواہ ہے کہ بعض ناگزیر مجبوریوں کی وجہ سے 6، 8، 9 اور 10 راگست 2005ء کے پرچے شائع نہیں ہو سکے تھے ۔

ہمیں امید ہے کہ روزنامہ الفضل اب باقاعدگی سے شائع ہوتا رہے گا ۔ (مینیجر روزنامہ الفضل)

## عفو اور عافیت

حضرت ابوبکر صدیق ؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ منبر پر کھڑے ہوئے اور فرمایا:

اللہ سے عفو اور عافیت مانگو کیونکہ یقین کے بعد کسی کو عافیت سے بہتر کوئی چیز نہیں دی گئی ۔

(جامع ترمذی کتاب الدعوات باب فی دعاء النبی حدیث نمبر:3481)

## یتیم کی کفالت اور ہمارا فرض

" پھر اس لئے بھی وہ یتیم محبت اور حسن سلوک کے مستحق ہوتے ہیں کہ وہ اپنے والدین کے سایہ عاطفت سے بچپن میں ہی محروم ہو جاتے ہیں اور اس وجہ سے وہ قوم کی ایک قیمتی امانت ہوتے ہیں ۔ اگر ان کی صحیح نگرانی کی جائے ان کی تعلیم و تربیت کا انتظام کیا جائے، ان کو آوارگی سے محفوظ رکھا جائے تو وہ قوم کا ایک مفید وجود بن جاتے ہیں ۔ "

(تفسیر کبیر جلد 2 صفحہ 7)

## میڈیکل اور پیڈز رجسٹرار کی ضرورت

فضل عمر ہسپتال میں میڈیکل اور پیڈز رجسٹرار کی آسامیاں خالی ہیں ۔ جو ڈاکٹر صاحبان ایم بی بی ایس ہوں اور خدمت خلق کا جذبہ رکھتے ہوں اپنی درخواستیں مع اسناد اور تجربہ کے سرٹیفیکیٹس ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال کے نام ارسال کریں ۔ درخواستیں صدر صاحب محلہ / امیر صاحب جماعت کی سفارش کے ساتھ آنی چاہئیں ۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

## نابینا بھائیوں کو آزمائش میں نہ ڈالیں

بعض لوگ اپنے واقف کار نابینا بھائیوں سے مصافحہ کرتے وقت خاموش رہتے ہیں اور اپنا نام نہیں بتاتے بلکہ یہ توقع کرتے ہیں کہ نابینا بھائی ان کو پہچانیں جب نابینا بھائی پہچان نہیں سکتے تو اس پر وہ پرانی مثالیں بھی دیتے ہیں کہ فلاں نابینا پہچان لیا کرتے تھے آپ مجھے کیوں پہچان نہیں سکے ۔ اس عمل کے ذریعہ اپنے نابینا بھائیوں کو آزمائش میں نہ ڈالیں بلکہ ان کی حوصلہ افزائی کریں ۔ مصافحہ کرتے وقت اپنا تعارف کروانا چاہئے ۔ جسمانی طور پر معذور افراد کی حوصلہ افزائی اور ان کو معاشرے کا مفید وجود بنانا یہ ہم سب کا معاشرتی اور اخلاقی فرض ہے ۔

مشعل راہ

## عمل صالح وہ اچھا عمل ہے جو ایمان کے مطابق ہو

حضرت امام جماعت ثالث فرماتے ہیں۔

محض زبانی اقرار یا دلی اقرار کافی نہیں ہے۔ جب تک کہ اعمال صالحہ بھی ساتھ نہ ہوں۔ اعمال صالحہ کے معنی ہیں وہ اعمال جو ایمان کے مطابق ہوں اور جن میں کوئی فساد نہ ہو۔ ہر نیک عمل کو یا اچھے عمل کو یا عمدہ کام کو عمل صالح نہیں کہتے۔ بلکہ صالح اس عمل کو کہا جاتا ہے جو ان اصولوں کے مطابق ہوں جو اللہ تعالیٰ نے وضع کئے ہیں۔ اگر وہ ایسا نہیں تو ممکن ہے بہت سے لوگوں کی نظر میں وہ عمل اچھا اور عمل صالح ہو لیکن خدا تعالیٰ کی نگاہ میں وہ عمل عمل صالح نہیں ہوتا۔ اس لئے کہ وہ خدا تعالیٰ کے بتائے ہوئے طریق کے مطابق نہیں کیا گیا۔ اس کی موٹی مثال عفو ہے۔ عفو کے لفظ پر جب ہم غور کرتے ہیں تو ہمارے سامنے یہ بات آتی ہے کہ (۔) مظلوم کو یہ اجازت دی ہے اور یہ حق بھی دیا ہے کہ وہ اپنے ظلم کا بدلہ بتائے ہوئے طریق کے مطابق حاصل کرے۔ مثلاً اگر وہ کسی باقاعدہ اور منظّم حکومت کے ماتحت ہے تو اس حکومت نے جو قوانین وضع کئے ہیں وہ ان کے مطابق جا کے اپنا بدلہ لے۔ کہ اگر تم چاہو تو معاف کر سکتے ہو لیکن اس کے ساتھ اس نے ایک شرط بھی لگا دی ہے اور وہ شرط یہ ہے کہ تمہیں معاف کرنے کی اجازت صرف اس صورت میں ہے کہ عفو کے نتیجہ میں شر میں زیادتی نہ ہو بلکہ ظلم کے مٹنے کی توقع ہو۔ اگر عفو کے نتیجہ میں اصلاح متوقع ہو تو تم عفو کر سکتے ہو۔ اگر عفو کے نتیجہ میں اصلاح متوقع نہیں تو تم عفو نہیں کر سکتے۔ اب اگر ایک شخص جس پر ظلم کیا گیا ہے اس کی کوئی چیز چھین لی گئی ہے۔ یا اس کا کوئی حق تھا جو مار لیا گیا ہے۔ وہ شخص یہ جانتے ہوئے بھی کہ اگر میں نے معاف کر دیا تو اس کی اصلاح نہیں ہوگی وہ صرف لوگوں کی واہ واہ حاصل کرنے کی خاطر یا اس سے بڑھ کر کسی اور فائدہ کی خاطر اس شخص کو جس سے اس نے وہ حق لینا ہے کہتا ہے۔ جاؤ میں تمہیں معاف کرتا ہوں اور اللہ تعالیٰ جانتا ہے اور اس مظلوم سے بھی یہ بات پوشیدہ نہیں کہ یہ شریر انسان ہے اگر اس کو اس طرح معافی ملتی رہی تو اس علاقہ میں اس ماحول میں اس کا شر بڑھ جائے گا۔ کم نہیں ہوگا۔ شاید لوگ واہ واہ کریں کہ یہ بڑا بلند انسان ہے یا اس نے اپنے دشمن کو معاف کر دیا اور شاید وہ شخص بھی جس کو اس نے معاف کیا ہے یہ کہے کہ تم بڑے پیارے ہو۔ تم نے مجھے معاف کر دیا لیکن وہ عمل صالح نہیں ہوگا۔ خدا تعالیٰ آسمان سے کہے گا تم میرے پیارے نہیں ہو کیونکہ تم نے اس وقت معاف کیا جب میں نے تمہیں منع کیا تھا اور کہا تھا معاف نہ کرنا۔

(مشعل راہ جلد دوم ص 23)

# اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

## طلباء والدین اور سیکرٹریان تعلیم متوجہ ہوں

☆ جو طلباء و طالبات آئندہ زندگی میں کمپیوٹر سائنسز، انجینئرنگ، میڈیکل بزنس ایڈمنسٹریشن، کامرس، لاء وغیرہ میں جانے کی خواہش رکھتے ہیں ان سے ان کے والدین اور سیکرٹریان تعلیم سے درخواست ہے کہ جماعت میں قائم کمپیوٹر ایسوسی ایشن (AACP) اور آرکیٹیکٹ وانجینئرنگ ایسوسی ایشن (IAAAE) کے لوکل چیپٹرز کے عہدیداران سے رابطہ کریں اور ادارہ جات، فیلڈ اور مستقبل کے حوالہ سے مواقع کے بارے میں معلومات حاصل کریں تا کہ عمدہ Planning کی جا سکے۔ مندرجہ بالا دونوں ایسوسی ایشنز بہت Active ہیں اور جو بھی مشورہ ان کی طرف سے دیا جائے گا وہ انشاء اللہ بہت عمدہ اور برکت والا ہوگا۔

☆ جو طلباء و طالبات میٹرک کے بعد کالج میں داخل ہوئے ہیں ان سے اور ان کے والدین سے سیکرٹریان تعلیم کا انفرادی رابطہ بہت ضروری ہے تا کہ شروع میں فیلڈ کے متعلق جو مشکلات درپیش ہوں ان کو حل کرنے کی کوشش کی جا سکے نیز اس سلسلہ میں ذیلی تنظیموں خدام الاحمدیہ انصار اللہ اور لجنہ اماء اللہ سے بھی مدد حاصل کی جائے تا کہ مل جل کر طلباء وطالبات کے مسائل کو حل کیا جا سکے۔

☆ سیکرٹریان تعلیم سے خاص طور پر درخواست ہے کہ وہ سیکرٹریان وقف نو سے مستقل رابطہ رکھیں اور وقف نو بچوں اور بچیوں کے حوالہ سے جو تعلیمی مسائل سامنے آ رہے ہیں ان کو نظارت تعلیم کی طرف سے دی گئی ہدایات کی روشنی میں حل کریں اور انفرادی رابطہ ضرور رکھیں۔

☆ نظارت تعلیم کی طرف سے شائع کئے جانے والے اعلانات اور مضامین کا مکمل ریکارڈ رکھا جائے اور زیادہ سے زیادہ طلباء وطالبات میں ان معلومات کو پھیلانے کی کوشش کی جائے تا کہ یہ طلباء بروقت ان سے فائدہ اٹھا کر مستقبل کیلئے فیصلہ کر سکیں۔

☆ وہ طلباء جو خدمت دین کیلئے اپنی زندگیاں وقف کرنا چاہتے ہیں۔ وہ جامعہ احمدیہ یا معلم کلاس وقف جدید میں داخلہ کیلئے دفتر وکالت دیوان تحریک جدید اور دفتر وقف جدید سے فوری رابطہ کریں۔

☆ نظارت تعلیم کی طرف سے تمام سیکرٹریان تعلیم اضلاع کو ماہوار رپورٹ فارم کا نمونہ ارسال کیا جا چکا ہے اس سلسلہ میں درخواست ہے کہ یہ رپورٹ ہر ماہ باقاعدگی سے مقررہ فارم پر ارسال کرنا بہت ضروری ہے تا کہ تازہ ترین تعلیمی صورت حال معلوم ہو سکے اور اس کے مطابق مل جل کر طلباء وطالبات کے تعلیمی مسائل حل کئے جا سکیں۔

☆ تمام سیکرٹریان تعلیم سے درخواست ہے کہ وہ ان طلباء و طالبات کیلئے خاص طور پر دعا کریں جو پروفیشنل اداروں میں داخلے کیلئے کوشش کر رہے ہیں اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے ان کو نمایاں کامیابی عطا فرمائے اور اپنے خاندان اور جماعت کیلئے نیک وجود ثابت کرے۔ آمین

(نظارت تعلیم)

## سانحہ ارتحال

مکرم مبارک احمد چیمہ صاحب دارالعلوم غربی حلقہ ثناء ربوہ تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کے والد محترم چوہدری مشتاق احمد چیمہ صاحب ابن مکرم چوہدری غلام محمد چیمہ صاحب آف خیر پور سندھ حال دارالعلوم غربی حلقہ ثناء مورخہ 30 جولائی 2005ء کو بقضائے الٰہی وفات پا گئے ہیں۔ مورخہ 31 جولائی 2005ء کو بعد مغرب بیت المبارک میں جنازہ مکرم مبارک مصلح الدین صاحب نے پڑھایا۔ بعد تدفین دعا مکرم ممتاز احمد صاحب چیمہ نے کروائی۔ احباب سے مرحوم کی بلندی درجات نیز لواحقین کے لیے صبر جمیل کے لیے دعا کی درخواست ہے۔

## نکاح

مکرم محمد سرور صاحب زعیم اعلیٰ انصار اللہ مغل پورہ لاہور تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کی بیٹی مکرمہ عاصمہ کنول صاحبہ کا نکاح ہمراہ مکرم ملک مظہر منصور صاحب ولد مکرم ملک عبد الغفور صاحب جرمنی بعوض پانچ ہزار یورو مورخہ 2 جولائی 2005ء کو بیت المبارک ربوہ میں محترم راجہ نصیر احمد صاحب ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ نے پڑھایا احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ یہ رشتہ دونوں خاندانوں کیلئے بابرکت کرے۔ آمین

## درخواست دعا

مکرم پنڈت محمد نصر اللہ صاحب طاہر آباد شرقی ربوہ تحریر کرتے ہیں کہ میرے بڑے بھائی مکرم شیخ عبد السلام صاحب دار الرحمت غربی ربوہ عرصہ دراز سے علیل ہیں۔ کمزوری بہت زیادہ ہے۔ شفائے کاملہ کے لیے دعا کی درخواست ہے۔

محترمہ سعیدہ بیگم صاحبہ اہلیہ محترم مرزا محمد سعید بیگ صاحب مرحوم اعظم گارڈن ملتان روڈ لاہور کے پاؤں میں تکلیف ہے احباب جماعت سے ان کی شفاء کاملہ وعاجلہ کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دار النصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت تین روپے پچاس پیسے

# خبریں

## برطانوی حکومت انتہا پسندوں کو کنٹرول کرے

صدر جنرل پرویز مشرف نے حکومت برطانیہ کو کہا ہے کہ وہ نفرت پھیلانے والے خطیبوں کو کنٹرول کرے۔ مذہبی منافرت پھیلانے والا لٹریچر ضبط کرے۔ لندن بم دھماکوں کے بمبارز برطانیہ کے ہی تھے۔ حزب التحریر، المہاجرون نے میرے خلاف مظاہرے کئے، قتل کی دھمکیاں دیں ان دونوں تنظیموں کے ساتھ سختی کرنا ہوگی۔ برطانوی مسلمانوں کو علماء اکسا رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار جنرل مشرف نے بی بی سی کو انٹرویو دیتے ہوئے کیا۔

## سیاچن سے فوج بلانے کا امکان نہیں

بھارت نے سیاچین سے اپنی فوج واپس بلانے کے امکان کو مسترد کر دیا ہے۔ بھارتی وزیر دفاع پرناب مکھر جی نے آل انڈیا ریڈیو میں کہا کہ اعتماد سازی کے اقدامات کے باوجود سیاچن سے فوج واپس بلانے کا فی الحال کوئی امکان نہیں تاہم مستقبل میں کوئی موقع آ جائے تو فوج واپس بلوائی جاسکتی ہے۔

## ڈاکٹر قدیر کو امریکہ کے کہنے پر گرفتار نہیں کیا سابق وزیر اعظم ہالینڈ

سابق وزیر اعظم ہالینڈ رووڈلو برز نے ایک ریڈیو پروگرام میں اس بات کا اعتراف کیا ہے کہ ہالینڈ نے امریکی خفیہ ادارے سی آئی اے کے کہنے پر پاکستان کے ایٹمی سائنسدان ڈاکٹر عبدالقدیر کو گرفتار نہیں کیا۔ ڈاکٹر قدیر ہالینڈ میں یورینیم افزودہ کرنے والے پلانٹ میں انجینئر کے طور پر کام کرتے تھے۔ سابق وزیر اعظم نے کہا کہ جب وہ اقتصادیات کے وزیر تھے تو انہیں معلومات ملیں کہ ڈاکٹر خان یورینیم افزودہ کرنے کے ایٹمی راز چرا رہے ہیں تاہم ان پر فرد جرم عائد نہیں کی گئی کیونکہ سی آئی اے نے کہا تھا کہ ڈاکٹر خان کو آزاد چھوڑ دو۔ ڈاکٹر خان کو اس کا شک ہوگیا تھا اسی لئے جب وہ پاکستان میں چھٹیاں گزارنے آئے تو واپس ہالینڈ نہ آئے آخر کار 1979ء میں ہالینڈ کی انتظامیہ نے ڈاکٹر خان کے خلاف کارروائی شروع کی اور 1983ء میں ان کی غیر حاضری میں ان کو 4 سال کی سزا سنائی گئی تاہم اس سزا کو اپیل پر خارج کر دیا گیا۔

(روزنامہ خبریں لاہور 10/اگست 2005ء)

## باب پاکستان کا سنگ بنیاد 14/اگست کو رکھا جائے گا

تحریک پاکستان کے مقاصد اور تاریخ کے مختلف پہلوؤں کو اجاگر کرنے کے لئے باب پاکستان کی تعمیر کا منصوبہ 14/اگست 2005ء کو شروع کیا جا رہا ہے۔ لاہور کے نواح میں تعمیر ہونے والی یہ یادگار حصول پاکستان کے لئے دی جانے والی قربانیوں کی یاد دلائے گی۔ 110 ایکڑ رقبہ پر مشتمل باب پاکستان کا منصوبہ اڑھائی سال میں مکمل ہوگا اس منصوبہ پر چاروں صوبوں کی ثقافت کی جھلک نظر آئے گی اس یادگار عمارت میں تحریک پاکستان کے قائدین کے حوالے سے خصوصی معلومات فراہم کی جائیں گی۔ باب پاکستان میں لائبریری، بچوں کے لئے تفریحی پارک کی تعمیر کے علاوہ تحریک پاکستان کے یادگار نمونے بھی رکھے جائیں گے باب پاکستان کے اردگرد سڑکوں کو کشادہ کیا جائے گا اور ایک نئی سڑک تعمیر کی جائیگی جو باب کو شہر سے ملائے گی۔

## 20 روپے کے نوٹ کی منظوری

صدر جنرل پرویز مشرف نے 20 روپے کے نوٹ کے ڈیزائن کی حتمی منظوری دے دی۔ یہ نوٹ 13/اگست کو جاری ہوگا۔ گورنر سٹیٹ بینک کے مطابق پاکستان کے باقی کرنسی نوٹ اگلے سال تبدیل کر دیئے جائیں اور عالمی معیار کے سکیورٹی فیچرز رکھ کر دوبارہ شائع کیا جائے گا تاکہ جعل سازی کے امکان کو ختم کیا جاسکے۔

## چینی کی قیمت میں کمی

بھارت سے چینی کی درآمد کا باقاعدہ نوٹس جاری ہونے کے بعد ذخیرہ اندوزوں کی طرف سے بھاری مقدار میں چینی مارکیٹ میں آ گئی ہے جس کی وجہ سے چینی کی قیمت میں تین روپے فی کلو تک کمی ہوگئی ہے اور مزید کمی ہونے کا بھی امکان ہے۔

## قیدیوں کی سزاؤں میں 90 دن کی کمی کا اعلان

یوم آزادی کی خوشی میں صدر جنرل مشرف کی جانب سے قیدیوں کی سزاؤں میں 90 دن کی کمی کا اعلان کیا گیا ہے اس رعایت کا اطلاق دہشت گردانہ سرگرمیوں اور ملک دشمنی کارروائیوں میں ملوث قیدیوں پر نہیں ہوگا۔

## محمود کوٹ تیل پائپ لائن منصوبہ

صدر پاکستان 26/اگست کو کراچی میں محمود کوٹ پائپ لائن منصوبہ کا سنگ بنیاد رکھیں گے یہ منصوبہ 55 ڈالر کی لاگت سے تعمیر ہوگا اس پائپ لائن کی لمبائی 817 کلو میٹر ہوگی یہ پائپ لائن کراچی سے محمود کوٹ تک سالانہ 12 ملین ٹن ہائی سپیڈ ڈیزل پہنچا سکے گی۔

## سری لنکا نے ٹورنامنٹ جیت لیا

سری لنکا میں ہونے والے سہ ملکی کرکٹ ٹورنامنٹ کے فائنل میں سری لنکا نے انڈیا کو 18 رنز سے شکست دے کر انڈین آئل ٹورنامنٹ جیت لیا۔

## جے سوریا کے دس ہزار رنز

سری لنکا کے جے سوریا نے ونڈے انٹرنیشنل میں دس ہزار رنز بنانے کا ہدف حاصل کر لیا سچن ٹنڈولکر کے 13642 رنز اور انضمام الحق کے 10933 رنز، گنگولی کے 10020 رنز کے بعد جسے سوریا یہ ہدف حاصل کرنے والے چوتھے بلے باز بن گئے ہیں۔

# ہر وقت شکر واجب ہے

محمد رئیس طاہر صاحب

جون کا مہینہ اپنی شدید گرمی کی وجہ سے ہمیشہ ہی سے مشہور ہے۔ اس سال بھی اس مہینہ نے لوگوں کی خوب خبر لی۔ پنجاب میں تو خاص طور پر شدید گرمی رہی۔ پھر انسانوں اور جانوروں پر خدائے رحمٰن ورحیم کو پیار آیا۔ اور ابر رحمت کو بھیجا۔ جس سے ربوہ کو بھی حصہ ملا۔ موسم خوشگوار ہو گیا۔ بارش نے ہر طرف جل تھل کر دیا۔ موسم کی یہ تبدیلی ہر ایک پر اثر انداز ہوتی ہے۔

اسی ایک تبدیلی کا منظر دیکھا۔ ہوا یوں کہ خاکسار بارش کے بعد دفتر میں کمرہ سے نکل کر باہر دھلے دھلے ماحول کو دیکھ رہا تھا کہ سامنے پھولوں کی کیاری میں چند پرندے ایک خاص انداز سے ہوا میں اچھل رہے تھے۔ ذرا غور کیا تو معلوم ہوا کہ زمین سے پتنگے ہوا میں اڑ رہے ہیں اور یہ پرندے باری باری ہوا میں اچھل کر ان کو پکڑ رہے ہیں اور اپنی بھوک مٹا رہے ہیں۔ اس منظر سے خاکسار کو زیمبیا کی ایک بات یاد آ گئی خاکسار Kawambwe کے ایک سفر پر تھا۔ گاؤں سے آگے دوسرے شہر میں بس ملتی تھی۔ بارش ہو کر تھم چکی تھی اور میں نے موسم کی رعایت سے پیدل چلنا شروع کیا۔ یہ علاقہ بہت زرخیز ہے اور چائے کی فصل کے لئے بہت مشہور ہے۔ خاکسار کچھ دیر چلا تھا کہ رستہ سے تھوڑی دور چار پانچ بچوں کو دائرہ میں بہت مشغول دیکھا۔ کچھ حیرانی سے ہوئی۔ میں ان کے پاس گیا تو حیرانگی دکھ میں بدل گئی۔ وہ بچے دائرہ میں ایک ایسے سوراخ کے گرد بیٹھے تھے جہاں سے پتنگے نکل رہے تھے۔ اور یہ بچے ہر نکلنے والا پتنگا پکڑ لیتے تھے اور کسی بھی پتنگے کو اوپر نہیں آنے دے رہے تھے اور اپنے پیٹ کی آگ بجھا رہے تھے۔

میں وہاں سے چل پڑا۔ میری عجیب سی کیفیت تھی۔ ایک طرف بعض ملکوں میں ٹنوں کے حساب سے خوراک صرف اس لئے سمندر میں پھینک دی جاتی ہے کہ عالمی منڈی کی قیمتوں میں فرق نہ آ جائے اور دوسری طرف بھوک کا یہ عالم ہے۔

ایک صحابیؓ کا واقعہ بھی ذہن میں تلاطم پیدا کر گیا کہ انہوں نے شعب ابی طالب میں محصوری کے دنوں میں ایک دفعہ پاؤں کے نیچے آنے والی چیز کو جانچے اور دیکھے بغیر اس لئے نگل لیا کہ بھوک کا تدارک کسی حد تک ہو سکے۔ افریقہ میں بھی اکثریت اپنی غربت، کم مائیگی اور زراعت کے پیشے میں بہت پیچھے ہونے کی وجہ سے بھوک کی شدت سے آئے روز آزمائی جاتی ہے۔ بچے صرف نمک ملے پانی میں اپنی خوراک ڈبو کر کھا رہے ہوتے ہیں اور اکثر اوقات وہ بھی میسر نہیں ہوتا۔

اس کے ساتھ ایک اور بات بھی ذہن میں ابھرتی رہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسے ہی موقع کے لئے فرمایا کہ دنیاوی نعمتوں کے لحاظ سے ہمیشہ اپنے سے کم تر شخص پر نظر رکھو تا شکر کے جذبات پیدا ہوں اور دینی سعادتوں کے حصول کے لئے سابقین پر نظر رکھو تا کہ مزید محنت کا جذبہ پیدا ہو۔

خدا تعالیٰ نے بہت ساری نعمتوں سے انسان کو نوازا ہے مگر ان کا خیال نہیں آتا۔ جب کسی معذور کو دیکھا جائے تو پھر اس نعمت کا خیال آتا ہے جو عطا ہوئی ہوتی ہے۔ لیکن حقیقی ایمان تو تبھی حاصل ہوتا ہے کہ انسان ہر حالت عسر و یسر میں خدا تعالیٰ کا شکر کرتا رہے اور یہ شکر کرنا بھی ایک نعمت ہے۔ ارشاد خداوندی ہے کہ تم شکر کرو گے اور میں مزید نعمتیں تم کو عطا کروں گا۔ حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں۔

واجب ہے کہ اپنے اس محسن حقیقی کا شکر کریں۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے (۔) (ابراہیم: 8) یعنی اگر تم میرا شکر کرو گے، تو میں اپنی دی ہوئی نعمت کو زیادہ کروں گا اور بصورت کفر عذاب میرا سخت ہے۔

(ملفوظات جلد اول ص 80)

خدا تعالیٰ ہم سب کو احسن رنگ میں شکر کرتے ہوئے انسانی ہمدردی کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ نیز مصیبت زدہ افراد کو خدا تعالیٰ اپنے فضل سے نوازے اور دینی و دنیاوی نعمتیں عطا کرے۔ آمین

کوالٹی جیولری میں با اعتماد نام
رحیم جیولرز
نور مارکیٹ ریلوے روڈ ربوہ 04524-215045

HAROON'S-3
Shop No.8 Block A
Super Market, Islamabad.
Ph: 2275734, 2829886, 2873874

حسین اور دلکش زیورات کا مرکز
الحمید جیولرز عمر مارکیٹ ربوہ
فون شوروم: 047-6215527
طالب دعا: میاں محمد نصر اللہ ابن میاں محمد امین رہائش: 6213213

## ضرورت اساتذہ

ایسے مخلصین جو ایم اے اسلامیات ہوں اور سیکنڈری سکول کے طلباء کو انگریزی میں پڑھا سکیں اگر خدمت کا شوق رکھتے ہوں تو اپنی درخواست مجلس نصرت جہاں ربوہ کو درج ذیل ایڈریس پر بھجوائیں۔

بیت الاظہار۔ بالائی منزل احاطہ دفاتر صدر انجمن احمدیہ

فون نمبر: 047-6212967

(سیکرٹری مجلس نصرت جہاں)

## فوری ضرورت عملہ

نظارت تعلیم کو اپنے ادارہ دار الحمد ہوسٹل لاہور کیلئے ایک عدد باورچی اور ایک معاون باورچی کی فوری ضرورت ہے باورچی کیلئے ضروری ہے کہ وہ 50 سے 60 افراد کا کھانا پکانے کی صلاحیت رکھتا ہو۔ خواہشمند افراد صدر صاحب/امیر صاحب جماعت کی تصدیق کے ساتھ اپنی درخواست کے ہمراہ نظارت تعلیم سے رابطہ کریں۔ (نظارت تعلیم)

## درخواست دعا

مکرم ڈاکٹر محمد شفیق صاحب فیصل آباد تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کو سیڑھیوں سے گرنے کی وجہ سے گھٹنے کی ہڈی پر چوٹ آئی تھی۔ فریکچر کا علاج کیا گیا۔ اب پہلے سے بہتر ہوں مکمل صحت یابی کیلئے درخواست دعا ہے۔

| ربوہ میں طلوع وغروب 11۔اگست 2005ء | |
|---|---|
| طلوع فجر | 3:58 |
| طلوع آفتاب | 5:27 |
| زوال آفتاب | 12:13 |
| غروب آفتاب | 6:59 |


جبوب مفید اٹھرا
چھوٹی ڈبی -/60 روپے
بڑی ڈبی -/240 روپے
NASIR ناصر
ناصر دواخانہ (رجسٹرڈ) گولبازار ربوہ
Ph:04524-212434 Fax:213966

احمد ٹریولز انٹرنیشنل
گورنمنٹ لائسنس نمبر 2805
یادگار روڈ ربوہ
اندرون و بیرون ہوائی ٹکٹوں کی فراہمی کیلئے رجوع فرمائیں
Tel:211550 Fax 04524-212980
E-mail:ahmadtravel@hotmail.com

AL-FAZAL
JEWELLERS
YADGAR CHOWK RABWAH
PH:04524-213649

البشیر۔ اب اور بھی سٹائلش ڈیزائننگ کے ساتھ
پیج
جیولرز اینڈ بوتیک
پروپرائٹرز: ایم بشیر الحق اینڈ سنز
04524 214510 ربوہ 04942-423173 شورو چوکی فون

New BALENO SUZUKI
...New look, better comfort

Sunday open Friday closed
Under supervision of Qualified Engineers
MINI MOTORS
54-Industrial Area, Gulberg III, Lahore
Tel:5712119-5873384

تمام گاڑیوں وٹریکٹروں کے ہوز پائپ آٹوز
SRP
کی تمام آئٹم آرڈر پر تیار
سینکی ربڑ پارٹس
جی ٹی روڈ رچنا ٹاؤن نزد فلوب نمبر 2 پوریشن فیروز والا لاہور
فون فیکٹری: 042-7924522-7924511
فون رہائش: 7832395
طالب دعا۔ میاں عباس علی، میاں ریاض احمد، میاں تنویر اسلم

6 فٹ سالڈ ڈش اور ڈیجیٹل سیٹلائٹ پر MTA کی کرسٹل کلیئر نشریات کے لئے
فریج ۔ فریزر ۔ واشنگ مشین
T.V ۔ گیزر ۔ ائرکنڈیشنر
سپلیٹ ۔ ٹیپ ریکارڈر
عثمان الیکٹرونکس
7231680
7231681
7223204
7353105
1۔ لنک میکلوڈ روڈ بالمقابل جودھامل بلڈنگ پٹیالہ گراؤنڈ لاہور
طالب دعا: انعام اللہ
Email:uepak@hotmail.com

ڈیلر۔ فریج، ائیرکنڈیشنر
ڈیپ فریزر، کوکنگ رینج
واشنگ مشین، ڈش انٹینا
ڈیزرٹ کولر، ٹیلی ویژن
فخر الیکٹرونکس
1۔ لنک میکلوڈ روڈ جودھامل بلڈنگ لاہور
احمدی بھائیوں کے لئے خصوصی رعایت
ہم آپ کے منتظر ہونگے
طالب دعا: شیخ انوار الحق، شیخ منیر احمد
فون: 7223347-7239347-7354873

احمدی بھائیوں کیلئے خصوصی رعایت
ڈیلر Samsung,Sony.LG. PEL
Dawlance,Mitsubishi, Orient,
Waves, Super National
Super Asia` Success,kentex
پاکستان الیکٹرونکس
سپلٹ ائیرکنڈیشنر کی مکمل ورائٹی دستیاب ہے
آپ کا اعتماد ہماری پہچان
ایک بار ضرور تشریف لائیں۔
26/2/C1 نزد غوثیہ چوک کالج روڈ ٹاؤن شپ لاہور
طالب دعا: مقصود اے ساجد (سابقہ ریجنل سیلز منیجر Pel) فون 5124127-5118557-0300-4256291

22 قیراط لوکل، امپورٹڈ اور ڈائمنڈ زیورات کا مرکز
Mob: 0300-9491442
TEL:042-6684032
دلہن جیولرز
Dulhan Jewellers
Gold Palace Plaza, Shop # 1, Defence Chowk,
Main Boulevard Defence Society, Lahore Cantt.
طالب دعا: قدیر احمد، حفیظ احمد

انگریزی ادویات و ٹیکہ جات کا مرکز بہتر تشخیص مناسب علاج
کریم میڈیکل ہال
گول امین پور بازار فیصل آباد فون 647434

ہر قسم سامان بجلی دستیاب ہے
شاہد الیکٹرک سٹور
متصل احمدیہ بیت الفضل
گول امین پور بازار فیصل آباد
پروپرائٹر: میاں ریاض احمد فون: 642605-632606

ڈیلران: ریفریجریٹر ڈیپ فریزر سپلٹ AC ونڈو AC واشنگ مشین کوکنگ رینج، کلر TV
ڈاؤلینس، پیل
ویوز، فلپس ایل جی
سام سنگ سپر ایشیاء۔ اٹلس
نیشنل الیکٹرونکس
طالب دعا: منصور احمد
احمدی احباب کیلئے خاص رعایت ہم آپ کے منتظر ہوں گے
لنک میکلوڈ روڈ جودھامل بلڈنگ پٹیالہ گراؤنڈ لاہور فون 7223228-7357309

بلال فری ہومیو پیتھک ڈسپنسری
زیر سرپرستی: محمد اشرف بلال
اوقات کار:
موسم گرما: صبح 9 بجے تا 5 بجے شام
وقفہ: 1 بجے تا 2 بجے دوپہر
ناغہ بروز اتوار
86۔ علامہ اقبال روڈ، گڑھی شاہو لاہور

ماشاء اللہ گیزرز
اعلیٰ کوالٹی کے بھاری چادر کے گیزر
لائف ٹائم گارنٹی کے ساتھ سیل اینڈ سروس
17-10-B-1 کالج روڈ نزد اکبر چوک ٹاؤن شپ لاہور
فون: 042-5153706-0300-9477683

زاہد اسٹیٹس بلڈرز اینڈ ڈویلپر
گوادر
لاہور ۔ اسلام آباد ۔ راولپنڈی ۔ کراچی اور اب
میں بھرپور اعتماد کے ساتھ سرمایہ کاری کا بہترین موقع
کیونکہ بہترین سرمایہ کاری میں ہے آپ کا روشن مستقبل
چیف ایگزیکٹو
ڈاکٹر چوہدری زاہد فاروق
ایگزیکٹو
چوہدری عمر فاروق
Head Office:
10-Hunza Block,
Allama Iqbal Town,
Lahore
042-7441210
0300-8458676
Branch Office:
41-Y Gole Plaza,
Ground Floor,
Defence, Lahore
Ph: 5740192, 5744284
0300-8423089
Gwadar Office:
042-7441210, 0300-8458676
Mob: 0333-4672162
Website Address:
www.zahidestates.com
E-Mail:
zanfa119@hotmail.com

The Vision of Tomorrow
New Heaven Public School
Multan Tel 061-554399-779794


C.P.L 29-FD